کامیاب دورہ جنوبی افریقہ پر چیئرمین پی سی بی کی قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد

لاہور، 16 اپریل 2021ء:

جنوبی افریقہ کے خلاف ایک روزہ اور ٹی ٹونٹی کرکٹ سیریز میں کامیابی پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی نے قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔

جنوبی افریقہ کے خلاف ایک روزہ انٹرنیشنل سیریز میں 1-2 سے کامیابی کی بدولت آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ سپر لیگ کے پوائنٹس ٹیبل پر دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی قومی کرکٹ ٹیم نے میزبان ٹیم کو ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز میں بھی شکست دے دی.

ٹی ٹونٹی سیریز میں 1-3 سے جیت کی بدولت عالمی ٹی ٹونٹی رینکنگ میں پاکستان کے پوائنٹس کی تعداد 262 ہوگئی ہے۔ رینکنگ میں چوتھے نمبر پر موجود پاکستان اور پہلے نمبر پر موجود انگلینڈ میں اب صرف 10 پوائنٹس کا فرق رہ گیا ہے۔

ون ڈے انٹرنیشنل دوطرفہ سیریز کے دوران پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے آئی سی سی ون ڈے انٹرنیشنل پلیئرز رینکنگ میں دومرتبہ نمبر ون بیٹسمین بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ اوپنر فخر زمان اور فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی نے بھی اپنے ون ڈے کیریئر کی بلندترین رینکنگ حاصل کی۔

ادھر ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز میں بابر اعظم نے نہ صرف اپنے ٹی ٹونٹی کرکٹ کیریئر کی پہلی سنچری بنائی بلکہ انہوں نے محمد رضوان

کے ہمراہ 197 رنز کی ریکارڈ اوپننگ شراکت بھی قائم کی۔ سیریز کے تیسرے میچ میں پاکستان نے 205 رنز کا مجموعہ صرف ایک وکٹ کے نقصان پر 12 گیندیں قبل حاصل کیا۔

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی کا کہنا ہے کہ دورہ جنوبی افریقہ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر وہ قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، جنوبی افریقہ اپنے ملک میں کبھی بھی آسان حریف نہیں سمجھا جاتا مگر پاکستان نے متاثرکن کھیل پیش کرتے ہوئے پہلے 1-2 سے ایک ون ڈے سیریز اور پھر 1-3 سے ٹی ٹونٹی سیریز جیتی۔

احسان مانی نے کہا کہ آوے سیریز میں فتح بہت اہم ہوتی ہیں، پر امید ہوں کہ اس فتح سے انفرادی طور پر کھلاڑیوں اور مجموعی طور پر ٹیم کے اعتماد میں اضافہ ہوگا، بابر اعظم نے اپنی پر اعتماد کارکردگی کی بدولت خود کو ایک متاثرکن کپتان ثابت کیا ہے، اکتوبر 2019 میں جب انہیں پہلی مرتبہ قومی وائیٹ بال کرکٹ ٹیم کا کپتان مقرر کیا گیا تھا تو اس فیصلے پر شکوک وشبہات کا اظہار کیا جاتا تھا مگر وہ بورڈ کے اعتماد پر پورا اترے.

چیئرمین پی سی بی کا کہنا ہے کہ فخر زمان اور محمد رضوان کی نمایاں کارکردگی نے پاکستان کی ٹاپ آرڈر بیٹنگ لائن اپ کو استحکام دیا ہے، جو بہت خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر جنوبی افریقہ میں ہمارے باؤلرز کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم سیکھنے کا عمل ہر وقت جاری رہتا ہے، یقین ہے کہ جنوبی افریقہ سے واپسی پر ہمارے باؤلرز ایک بہتر یونٹ بن کر لوٹیں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ وہ بھرپور محنت کرنے پر مصباح الحق اور ان کی کوچنگ ٹیم کے دیگر ارکان کی بھی تعریف کرنا چاہتے ہیں، انہیں یقین تھا کہ یہ لڑکے بین الاقوامی سطح پر عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں اور لڑکے بھی اب ان کے اعتماد پر پورا اتر رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کا سال ہے، ٹورنامنٹ میں شریک ہر ٹیم صرف جیت کے مقصد کو لے کر ایونٹ میں شرکت

کرے گی، لہٰذا ہمیں ابھی مزید محنت کرنی ہے اور مستقبل قریب میں انگلینڈ، ویسٹ انڈیز اور نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز میں عمدہ کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھنا ہے۔

قومی کرکٹ ٹیم ہفتے کو زمبابوے روانہ ہوگی، جہاں وہ تین ٹی ٹونٹی اور دو ٹیسٹ میچز کھیلے گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications